پیش لفظ

پروردگار کی عنایات اور والدین کی دُعاؤں کے طفیل آج میں اِس قابل ہوئی کہ پی ایچ۔ ڈی (اُردو) کا مقالہ بعنوان ''انیسویں صدی میں اُردو ناول میں متوسط طبقے کے مسائل اور کردار کا جائزہ'' جمع کروا سکوں۔ متوسط طبقہ (Middle Class) کی اصطلاح جیمز براڈشا (James Bradshaw) نے باقاعدہ طور پر تب استعمال کی جب اُس کا پمفلٹ (Scheme to Prevent Runing Irish) شائع ہوا۔ ابتداء میں یورپ میں متوسط طبقہ کی اصطلاح ایک سے زائد معانی میں استعمال ہوتی رہی بلکہ بعض اوقات اس کے استعمال میں معانی کے تضاد کا عنصر بھی نمایاں رہا ہے۔ ''انیسویں صدی میں اُردو ناول میں متوسط طبقے کے مسائل اور کردار کا جائزہ'' کے عنوان سے جو مقالہ زیرِ ترتیب ہے اس کو میں نے آٹھ ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ جن کے عنوان یہ ہیں۔

باب اوّل: متوسط طبقہ ...... تعارفی مباحث

باب دوم: اُنیسویں صدی میں اُردو ناول کی روایت

باب سوم: ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں میں متوسط طبقے کے مسائل اور کردار کا جائزہ

باب چہارم: رتن ناتھ سرشار کے ناولوں میں متوسط طبقے کے مسائل اور کردار کا جائزہ

باب پنجم: شرر کے ناولوں میں متوسط طبقے کے مسائل اور کردار کا جائزہ

باب ششم: مرزا رسوا کے ناولوں میں متوسط طبقے کے مسائل اور کردار کا جائزہ

باب ہفتم: اُنیسویں صدی کے اُردو ناول میں متوسط طبقے کے مسائل اور کردار (متفرق مطالعات)

اور آخر میں محاکمہ اور کتابیات دی گئی ہیں۔